यहाँ से काटिए

**Sl.No.:**

नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 28

No. of Printed Pages - 7

# SS-22-Urdu Sah.

## SENIOR SECONDARY EXAMINATION - 2019

## URDU SAHITYA

Time :3¼ Hours

Maximum Marks : 80

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

Tear Here

نوٹ:۔مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھیے :۔

1. ''سیر پہلے درویش کی'' کس داستان کا قصہ ہے؟ [1]

2. مرزا ظاہر دار بیگ کس ناول کا کردار ہے؟ [1]

3. ''بجوکا'' کا افسانہ نگار کون ہے؟ [1]

4. فریڈرک اعظم کی قبر پر نیپولین کو کیا چیز ملی؟ [1]

5. پطرس بخاری کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

6. داغ دہلوی کے کسی ایک دیوان کا نام لکھیے ۔ [1]

7. فراق گورکھپوری کا پورا نام کیا تھا؟ [1]

8. قصیدہ ''اٹھ گیا بہمن ودے کا چمنستاں سے عمل'' کس کی مدح میں لکھا گیا ہے؟ [1]

9. ''مرثیۂ غالبؔ'' کے شاعر کا کیا نام ہے؟ [1]

10. ''نورِ نظر'' کسے کہتے ہیں؟ [1]

نوٹ:۔مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو سطروں میں لکھیے:۔

11. پہلے درویش کو عجب طرح کا غم کیوں ہوا؟ [2]

12. ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا نصیحت کی تھی؟ [2]

13. ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' کے مصنف نے اپنے پڑوسی لالہ جی سے کیا تذکرہ کیا؟ [2]

14. ''یہ نہ تھی ہماری کہ وصال یار ہوتا'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ [2]

15. جگرؔ کے مطابق ''دل کو سکون اور روح کو آرام'' کیسے آیا؟ [2]

16. میر انیسؔ کا پورا نام کیا ہے؟ وہ کہاں پیدا ہوئے؟ [2]

**.17** مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔ **[4]**

کلیم نے جو مسجد میں آ کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ ایک نہایت پرانی چھوٹی سی مسجد ہے۔ مسجدِ ضرار کی طرح وحشت ناک، نہ کوئی حافظ ہے نہ مُلاّ، نہ طالب علم نہ مسافر، ہزارہا چمگادڑیں اس میں رہتی ہیں کہ ان کی تسبیحِ بے ہنگام سے کان کے پردے پھٹے جاتے ہیں۔ فرش پر اس قدر بیٹ پڑی ہے کہ بجائے خود کھڑنجے کا فرش بن گیا ہے۔ مرزا کے انتظار میں کلیم کو چارو ناچار اسی مسجد میں ٹھیرنا پڑا۔ مرزا آئے بھی تو اتنی دیر کے بعد کہ کلیم مایوس ہو چکا تھا۔

یا

تصویر کا یہ حال ہے کہ ایک مصوّر صاحب میرے دوست میرے چہرے کی تصویر اتار کر لے گئے۔ اس کو تین مہینے ہوئے آج تک بدن کا نقشہ کھینچنے کو نہیں آئے۔ میں نے گوارا کیا آئینہ پر نقش اتروانا بھی، ایک دوست اس کام کو کرتے ہیں۔ عید کے دن وہ آئے تھے۔ میں نے ان سے کہا کہ بھائی میری شبیہ کھینچ دو۔ وعدہ کیا تھا کہ کل نہیں تو پرسوں اسباب کھینچنے کا لے کر آؤں گا۔ شوال، ذیقعدہ، ذی الحجہ، محرم یہ پانچواں مہینہ ہے۔ آج تک نہیں آئے۔

**.18** مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔ **[4]**

دیواروں پر جو سنگ ہے نازک عجب نگار      آئینے بھی لگے ہیں مجلّٰی وتاب دار
دروازے پر لکھا ہے خطِ طغرا طرفہ کار      ہر گوشے پر کھڑے ہیں جو مینار اس کے چار
چاروں طرف سے اوج کی خوبی دو چار ہے

یا

مندرجہ ذیل اشعارِ غزل کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔

(i) غضب کیا تیرے وعدے پہ اعتبار کیا
تمام رات قیامت کا انتظار کیا

(ii) نہیں جانتے کچھ کہ جانا کہاں ہے
چلے جا رہے ہیں مگر جانے والے

19. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے :۔ [4]

(i) قول کا پاس

(ii) حقیقی عظمت

20. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے :۔ [4]

(i) شعاعِ امید

(ii) بیادِ اجمیر

21. مندرجہ ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :۔ [4]

(i) مختصر افسانہ

(ii) طنز و مزاح

22. مندرجہ ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :۔ [4]

(i) نظم

(ii) مرثیہ

23. استعارہ کسے کہتے ہیں؟ تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی دیجیے۔ [4]

24. ایہام کسے کہتے ہیں؟ تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی دیجیے۔ [4]

25. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے:۔ [6]

(i) مرزا غالبؔ

(ii) وحید الدین سلیمؔ

**26.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔ **[6]**

(i) مومن خاں مومؔن

(ii) خواجہ الطاف حسین حالؔی

**27.** اردو زبان کی پیدائش سے متعلق مختلف نظریات میں سے کہنیں تین پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ **[6]**

یا

دبستانِ لکھنؤ کی اہم خصوصیات میں سے کہنیں تین پر روشنی ڈالیے۔

**28.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :۔ **[8]**

(i) جدید تعلیم کی اہمیت

(ii) یومِ آزادی

(iii) میرا پسندیدہ شاعر

(iv) کسی تاریخی عمارت کی سیر

⇨ ⇨ ⇨ ⇨